This question paper contains 4+2 printed pages]

Your Roll No.......................

4604

B.A. (PROGRAMME)/II/III **C**

(Language Course)

URDU LANGUAGE (B)—Paper II

(Admission of 2005 and onwards)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ درج ذیل کے شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے: ۱۰

(الف)

پھر چلی ہے ریل اسٹیشن سے لہراتی ہوئی

نیم شب کی خامشی میں زیرِ لب گاتی ہوئی

P.T.O.

ڈگمگاتی، جھومتی، سیٹی بجاتی، کھیلتی

وادیِ کہسار کی ٹھنڈی ہوا کھاتی ہوئی

تیز جھونکوں میں وہ چھم چھم کا سرودِ دلنشیں

آندھیوں میں مینہ برسنے کی صدا آتی ہوئی

جیسے موجوں کا ترنم، جیسے جل پریوں کے گیت

ایک اک لے میں ہزاروں زمزمے گاتی ہوئی

ٹھوکریں کھا کر لچکتی، گنگناتی، جھومتی

سرخوشی میں گھنگھروؤں کی تال پر گاتی ہوئی

ناز سے ہر موڑ پر کھاتی ہوئی سو پیچ و خم

اک دلہن اپنی ادا سے آپ شرماتی ہوئی

نونہالوں کو سناتی میٹھی میٹھی لوریاں

نازنینوں کو سنہرے خواب دِکھلاتی ہوئی

(ب)

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کیا کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے، ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اُجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

جان سی شے بک جاتی ہے، ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی ان داموں تو سستی ہے

وحشتِ دل سے پھرنا ہے اپنے خدا سے پھر جانا
دیوانے یہ ہوش نہیں یہ تو ہوش پرستی ہے

جگ سونا ہے تیرے بغیر آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

۲۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے: ۱۰

(الف)

بہر حال، ارکانِ خمسہ کی تجویز آپ کے سامنے ہے۔ اکبری نورتن کے مُقابلے میں بعض صاحبوں کو یہ تجویز پسند نہ آئے گی۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ ''مصنّفین کے صفِ اوّل'' میں اس سے زیدہ گنجائش معلوم نہیں ہوتی۔ تاہم غیر ضروری نکتہ چینی سے علاحدہ ہوکر اگر کوئی صاحب (بہ شرطیکہ لٹریچر کا صحیح مذاق رکھتے ہوں) مجھے مفید مشورے دے سکے، تو میرا خیال ہے میں اس پرغور کرنے کے لئے ایک حد تک تیار ہوں۔

(ب)

میں یقیناً یہ کہتا رہا ہوں کہ ہمارے فرض کے سامنے دو ہی راہیں ہیں گورنمنٹ ناانصافی اورحق تلفی سے باز آجائے۔ اگر

بازنہیں آسکتی تو مٹادی جائے۔ میں یہ نہیں جانتا کہ اس کے سوا
اور کیا کہا جاسکتا ہے؟ یہ تو انسانی عقائد کی اتنی پرانی سچائی ہے
کہ صرف پہاڑ اور سمندر ہی اس کے ہم عمر کہے جاسکتے ہیں۔ جو
چیز بری ہے اسے یا تو درست ہو جانا چاہئے، یا مٹ جانا چاہئے
تیسرے بات کیا ہوسکتی ہے؟ جب کہ میں اس گورنمنٹ کی
برائیوں پر یقین رکھتا ہوں تو یقیناً یہ دعا نہیں مانگ سکتا کہ وہ
درست بھی نہ ہو اور اس کی عمر بھی دراز ہو۔

۳۔ اپنے پرنسپل کو ایک خط لکھکر بتایئے کہ کالج میں طلبا کے اہم مسائل کیا ہیں؟ ۱۰

۴۔ ذیل میں سے تین کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے: ۱۵

استعارہ، کنایہ، تشبیہہ، حسنِ مطلع، تخلص، مجاز مرسل۔

۵۔ نیا قانون، افسانے میں منٹو ہمیں کیا بتانا چاہتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔ ۱۰

۶۔ اصغر گونڈوی یا حسرت موہانی کی شاعری پر ایک مضمون لکھیے۔ ۱۰

یا

نظم ''چاند اور تارے'' یا ''کسان'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

۷۔ شاد عظیم آبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

قول فیصل کا خلاصہ اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔